اجزا | آمیزہ | خاصیّت | خارج کرنا | توانائی | مُضر

# ہوا

جب ہم سانس لیتے ہیں تو ناک اور مُنہ کے ذریعے ہوا ہمارے پھیپھڑوں میں داخل ہو جاتی ہے۔ ہوا کو ہم دیکھ نہیں سکتے لیکن محسوس ضرور کر سکتے ہیں۔ اگر آپ فٹ بال کھیلتے ہوں تو آپ کو معلوم ہوگا کہ فٹ بال میں پمپ سے ہوا بھرنے کی ضرورت پڑتی ہے۔ اسی طرح سائیکل کی ٹیوب میں بھی ہوا بھری رہتی ہے۔ کیا آپ نے کبھی سوچا ہے کہ یہ ہوا کیا چیز ہے؟

ہوا کئی اجزا کا آمیزہ ہے۔ آکسیجن اور نائٹروجن اس کے دو اہم جُز ہیں۔ زمین کے اردگرد کی ہوا میں ۲۱ فی صد آکسیجن اور ۷۸ فی صد نائٹروجن گیس ہوتی ہے۔ ان کے علاوہ ہوا میں پانی کے بخارات اور گرد و غبار کے چھوٹے چھوٹے ذرّے بھی پائے جاتے ہیں، ایک اور گیس کاربن ڈائی آکسائڈ بھی ہوا میں شامل ہوتی ہے۔ البتہ اس کی مقدار بہت ہی کم ہوتی ہے۔

آکسیجن زندہ رہنے کے لیے سب سے زیادہ ضروری ہے۔ سانس لیتے وقت یہ گیس پھیپھڑوں میں پہنچ کر خون میں جذب ہو جاتی ہے اور خون کی گردش سے یہ آکسیجن ہمارے جسم کے ہر ایک حصّے تک پہنچ جاتی ہے۔ آکسیجن ہمارے جسم میں غذا کو بدن کا جُز بناتی ہے، یہ ہمارے جسم میں گرمی پیدا کرتی ہے۔ ہمارے جسم میں روزانہ تقریباً ایک کلو



گرام آکسیجن جذب ہوتی ہے۔آکسیجن کی ایک خاصیّت یہ ہے کہ یہ خود نہیں جلتی لیکن چیزوں کو جلنے میں مدد دیتی ہے۔



سانس لینے کے لیے ہوا کا صاف ہونا نہایت ضروری ہے۔آلودہ ہوا صحت کے لیے مُضر ہے۔ ہوا کو آلودگی سے بچانے کے کئی طریقے ہیں۔ ہم یہ جانتے ہیں کہ پیڑ پودے


ہوا کو صاف رکھنے میں مدد دیتے ہیں ۔ اس لیے پیڑ پودوں کی حفاظت کرنا اور نئے درخت لگانا بہت ضروری ہے ۔ اسی طرح مختلف قسم کی گاڑیوں ، بسوں ، موٹروں وغیرہ سے جو دھواں نکلتا ہے، اُس سے بھی ہوا آلودہ ہو جاتی ہے ۔ ہمیں چاہیے کہ ایسی گاڑیوں کی جانچ پڑتال کراتے رہیں جو زیادہ دھواں خارج کرتی ہوں ۔



کارخانوں میں بھی ایسے ایندھن کا استعمال کیا جانا چاہیے، جس سے کم سے کم دھواں نکلتا ہو ۔ اپنے اردگرد کے ماحول کو بھی صاف سُتھرا رکھنا چاہیے ۔ اس طرح سے ہم ہوا کو

بڑی حد تک آلودہ ہونے سے بچا سکتے ہیں۔

بے شک ہوا انسانی زندگی کی بقا کے لیے اتنی ہی ضروری ہے جتنا پانی۔



## ۱. پڑھیے اور سمجھیے

| | | |
|---|---|---|
| اجزا | : | جُز کی جمع۔ حصّے |
| آمیزہ | : | گھول۔ مِکسچر |
| خاصیّت | : | وصف۔ تاثیر |
| خارج کرنا | : | باہر نکالنا |



توانائی : طاقت ۔قوت

آلودہ : ناصاف

مُضر : نقصان پہنچانے والا

## ۲. درج ذیل جملوں کے لیے سوالات بنائیے

۱) ہمارے جسم میں روزانہ ایک کلوگرام آکسیجن جذب ہوتی ہے، آکسیجن کی یہ خاصیت ہے کہ خودنہیں جلتی لیکن چیزوں کو جلنے میں مدد دیتی ہے۔

۲) نائٹروجن گیس ہوا کا سب سے بڑا جز ہے یہ آکسیجن کی شدت کم کرتی ہے۔

۳) اپنے اردگرد کے ماحول کوصاف ستھرا رکھنے سے ہم بڑی حد تک ہوا کوآلودہ ہونے سے بچا سکتے ہیں

## ۳. نیچے دیے ہوئے الفاظ کی ضد لکھیے

ضروری

آلودہ

مُضر

## ۴. نیچے دیے ہوئے الفاظ سے جملے بنائیے

اجزا۔خاصیّت ۔ جذب۔







## ۵. خالی جگہیں مناسب الفاظ سے پُر کیجیے

( آلودہ ۔ضروری ۔ مادہ ۔ پیڑ پودے ۔)

☆ ہوا ہماری زندگی کے لیے ..................... ہے۔

☆ ..................... ہوا کو صاف رکھتے ہیں۔

☆ ہوا ایک ................. ہے۔

☆ دھوئیں سے ہوا ................ ہوتی ہے۔

## ٦. نوٹ بک میں یہ الفاظ لکھیے

☆ احمد کی کتاب اچھی ہے ☆ گلاب خوب صورت ہے

☆ تختی کا رنگ کالا ہے ☆ ندیم کا رنگ گورا ہے

☆ راستے میں کوڑا ڈالنا بُری عادت ہے

صفت : وہ کلمہ ہے جو کسی اسم کی اچھائی یا برائی ظاہر کرے ۔ جیسے اوپر کی مثالوں میں اچھی ،خوب صورت ، کالا ، گورا ، بُری ،صفات ہیں

☆ ان جملوں میں سے اسمائے صفت تلاش کیجیے


☆ سیب سُرخ ہے ☆ بلی چالاک ہے

☆ کوا کالا ہے ☆ بچّہ کمزور ہے

☆ دودھ میٹھا ہے

## ۷. سوچیے اور بتایئے

دیے گئے دائرے میں ہوا میں موجود مختلف گیسوں کا تناسب دیا گیا ہے، آپ گیس کا نام لکھیے اور ہر بکس میں الگ الگ رنگ بھر دیجیے۔




## ۸. ہوا ایک نعمتِ عظیم ہے اسی طرح پانی بھی عظیم نعمت ہے۔ جس کے بغیر زندہ رہنا ناممکن ہے۔ استاد کی مدد سے پانی کے متعلق بارہ جملے لکھیے۔